21-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی آج غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی۔اس کے ساتھ ہی پارلیمنٹ کا مانسون سیشن اختتام کو پہنچا۔

۲۔جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی رپورٹ کو منسوخ کرنے کے لئے سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ اور سابق وزیر ہریش راؤ کی عرضیوں پر تلنگانہ ہائی کورٹ نے سماعت کل تک کیلئے ملتوی کردی ہے۔

۳۔پنچایت راج کا محکمہ کل سے پنولا جاترا 2025ء منعقد کرے گا۔اس پروگرام کے دوران ریاست بھر میں 2 ہزار 198 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک لاکھ سے زیادہ ترقیاتی کام انجام دئے جائیں گے۔

۴۔مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ لوک سبھا میں 130 ویں دستوری ترمیم کا مرکز کی جانب سے پیش کیا جانا سیاست میں اخلاقی اقدار کو بالاتر رکھنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

KISHAN

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ لوک سبھا میں 130 ویں دستوری ترمیم کا مرکز کی جانب سے پیش کیا جانا سیاست میں اخلاقی اقدار کو بالاتر رکھنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر وزیراعظم ،مرکزی وزرا، وزرائے اعلیٰ اور ریاستی وزرا گرفتار ہوتے ہیں اور 30 دن کیلئے جیل جاتے ہیں تو وہ خود بخود اپنے عہدوں سے محروم ہوجائیں گے۔دہلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دانشوروں، میڈیا اور عوام نے اِس اصلاح کا خیر مقدم کیا ہے۔اس کا مقصد دستور کی روح کا تحفظ ہے۔انہوں نے کانگریس پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ اِس اقدام کی مخالفت کررہی ہے۔انہوں نے کانگریس کے موقف کو بدبختانہ قرار دیا اور یاد دہانی کرائی کہ ماضی میں کئی لیڈروں نے ان کے خلاف الزامات کی تحقیقات کے اعلان کے بعد اخلاقی بنیاد پر استعفیٰ دے دیا تھا۔کھاد کے مسئلہ پر کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ میں یوریا کی قلت نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ مختلف ذرائع سے 50 ہزار میٹرک ٹن یوریا

ریاست کو منتقل کیا جارہا ہے۔انہوں نے ریاستی حکومت پر زور دیا کہ وہ یوریا کی مناسب تقسیم کو یقینی بنائیں اور ذخیرہ اندوزی کو روکے۔

BHATTI:

ڈپٹی چیف منسٹر اور وزیر فینانس ملو بھٹی وکرامارکہ نے جی ایس ٹی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائے کہ جی ایس کی شرحوں کو معقول بنانے کے مجوزہ اقدام سے ریاستوں کی آمدنی متاثر نہ ہو۔دہلی میں کل جی ایس ٹی سلاب اور ٹیکس کی شرحوں پر وزارتی گروپ کیے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یاددہانی کروائی کہ جی ایس ٹی کے نفاذ کے وقت ریاستوں سے وعدہ کیا گیا تھا کہ سالانہ 14 فیصد اضافہ ہوگا۔ نقصان کی تلافی کیلئے ریاستوں کو پانچ سال کیلئے معاوضہ بھی دیا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی آمدنی میں اضافہ صرف 8 یا 9 فیصد تک محدود ہے جو نشانہ سے بہت کم ہے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ شرحوں میں تبدیلی سے ریاستوں کی آمدنی کی شرح منفی ہوسکتی ہے جس سے فلاحی اسکیمات اور انفرا اسٹرکچر پروجکٹس پر اثر ہوگا۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ فنڈس کی مناسب تقسیم نہیں ہورہی ہے۔

GURUKUL

پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے ریاست میں بی سی گروکل اسکولوں اور ہاسٹلس کے حالات کا جائزہ لینے کے لئے آج اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک ٹیلی کانفرنس منعقد کی۔ اِس اجلاس میں بی سی ویلفیر ڈپارٹمنٹ کے پرنسپل سکریٹری سریدھر، کمشنر بالا مایا دیوی، گروکل سکریٹری سائیدولو اور دوسروں نے شرکت کی۔ ریاستی وزیر نے تمام پرنسپالس اور وارڈنس کو ہدایت دی کی وہ طلبہ کی صحت اور ان کی بہبود کے تعلق سے چوکس رہیں۔ انہوں نے عملہ کو ہدایت دی کہ وہ طلبہ کے طبی معائنے کریں۔ پینے کے پانی کے ٹینکوں کو صاف کرائیں، کچن کی صفائی کو یقینی بنائیں اور طلبہ کو معیاری غذا فراہم کرے۔

Sound Byte.

WEATHER

دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچر یال، نرمل، نظام آباد، پدا پلی، جےٴ شنکر بھو پال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، رنگا ریڈی، حیدرآباد، میڑچل ملکاجگری اور کاماریڈی میں گرج چمک کے ساتھ اکا دوکا مقامات پر بارش ہوسکتی ہے۔ دفتر موسمیات نے بتایا کہ کل منچر یال، جےٴ شنکر بھو پال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل اور ہنمکنڈہ میں یہی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں بعض مقامات پر بارش ہوئی۔

JATHARA:

پنچایت راج کا محکمہ کل سے پنولا جاترا 2025ء منعقد کرے گا۔ اس پروگرام کے دوران ریاست بھر میں 2 ہزار 198 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک لاکھ سے زیادہ ترقیاتی کام انجام دئے جائیں گے۔ پنچایت راج کی وزیر سیتا اکا نے آج سکریٹریٹ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اِس پروگرام میں کئی دیہی ترقیاتی کام انجام دئے جائیں گے جن میں آنگن واڑی اور گرام پنچایتوں کی عمارتوں، اسکولوں کے بیت الخلاء، مویشیوں، بکریوں اور پولٹری کیلئے شیڈس کی تعمیر، کنوؤں کی کھدوائی، نرسری پلانٹیشن، مچھلیوں کی افزاء کیلئے تالاب، سی سی روڈس اور چیک ڈیمس شامل ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اِس پروگرام میں وزرأ، ارکانِ پارلیمنٹ اور ارکانِ اسمبلی کو مدعو کیا گیا ہے۔

Sound Byte

SURENDER:

سی پی آئی ماؤسٹ کے دو سینئر ارکان نے آج حیدرآباد میں رچہ کنڈہ کے پولیس کمشنر سدھیر بابو کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ ریاستی کمیٹی کی سینئر رکن کے سنیتا عرف بدری اور ایریا کمیٹی کے رکن سی ایچ ہریش عرف رامنا گزشتہ 40 سال سے ماؤنواز تحریک میں سرگرم تھے۔ پولیس کمشنر نے میڈیا کو بتایا کہ ان ماؤنواز

لیڈروں کی خودسپردگی تلنگانہ پولیس کی کامیاب حکمتِ عملی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ سنیتا آندھراپردیش کے راجمندری میں انٹرمیڈیٹ کی تعلیم کے دوران ریڈیکل اسٹوڈنٹس یونین سے متاثر ہوئیں۔ انہوں نے سی پی آئی ایم ایل پیپلزوار کے مرکزی آرگنائزر کی حیثیت سے کام کیا۔ ہریش تلنگانہ کے ایٹورانگرم میں بی سی ویلفیر ہاسٹل میں دورانِ تعلیم 2006ء میں ماؤنوازنظریہ سے متاثر ہوئے۔ انہوں نے پارٹی کے مختلف گروپوں میں کام کیااور پولیس کے ساتھ کئی انکاؤنٹرس میں حصہ لیا۔ پولیس کمشنر نے روپوش ماؤنوازوں سے اپیل کی کہ وہ قومی دھارے میں واپس آجائیں۔ انہوں نے ماؤنوازوں سے کہا کہ وہ اپنے آبائی دیہاتوں کو واپس آئیں اور تلنگانہ کی ترقی میں حصہ لیں۔

GODAVARI:

بالائی علاقوں میں شدید بارش کی وجہ سے دریائے گوداوری میں تغیانی آگئی ہے۔ بھدراچلم کے قریب سطح آب میں اضافہ کے بعد دوسری انتباہی وارننگ جاری کردی گئی ہے۔ بھدراچلم میں کل رات سطح آب 48 فٹ تھی اور آج صبح یہ مزید بڑھ کر 50.8 فٹ ہوگئی۔ سیلاب کا پانی کلیان کٹا تک پہنچ گیا ہے جس سے برقی کے کھمبے اور گھاٹ کی سیڑھیاں زیرآب آگئی ہیں۔ پانی کوٹاؤن میں داخل ہونے سے روکنے کے لئے کراکٹا کے گیٹ بند کردئے گئے ہیں۔ اِس دوران آندھراپردیش کے دھولیشورم میں 9.88 لاکھ کیوزکس پانی کا بہاؤ درج کیا گیا۔ اتنی ہی مقدار میں پانی نشیبی علاقوں کی طرف چھوڑا جارہا ہے۔ پراجکٹ پر پہلی وارننگ جاری کردی گئی ہے جبکہ سطح آب 11.9 فٹ تک پہنچ گئی ہے۔

HC:

جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی رپورٹ کومنسوخ کرنے کے لئے سابق چیف منسٹراور بی آرصدر کے چندرشیکھر راؤاور پارٹی کے لیڈراور سابق وزیرہریش راؤ کی ریٹ عرضیوں پرتلنگانہ ہائی کورٹ نے سماعت کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ دونوں قائدین کے وکلاء نے ہائی کورٹ سے درخواست کی کہ وہ ریاستی حکومت کوکمیشن کی رپورٹ کی بنیاد پران کے خلاف کاروائی سے باز رکھے جبکہ ریاستی حکومت کے وکیل نے عدالت سے

درخواست کی کہ وہ ان عرضیوں کو مسترد کردے کیونکہ کمیشن کی رپورٹ اسمبلی میں پیش کی جانے والی ہے جس پر مباحث ہوں گے۔

PAR-SINE DIE:

لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی آج غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اس کے ساتھ ہی پارلیمنٹ کا مانسون سیشن اختتام کو پہنچا۔ یہ سیشن گزشتہ مہینہ کی 21 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔لوک سبھا کی کارروائی پہلی مرتبہ دو پہر 12 بجے تک کیلئے ملتوی کئے جانے کے بعد جب دوبارہ شروع ہوئی تو اسپیکر اوم بلرا نے کہا کہ اس سیشن کے دوران 14 سرکاری بلز پیش کئے گئے اور 12 بلز منظور کئے گئے ۔انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور پر دو دن خصوصی مباحث ہوئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے جواب کے ساتھ ان مباحث کا اختتام عمل میں آیا۔اسپیکر نے کہا کہ ایوان میں ملک کے خلائی پروگرام کی کامیابیوں پر خصوصی مباحث ہوئے۔انہوں نے کہا کہ سیشن کیلئے ایجنڈہ میں 419 سوالات شامل کئے گئے تھے لیکن صرف 55 سوالات کا زبانی جواب دیا جاسکتا۔اسپیکر نے مختلف مسائل پر اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ کی جانب سے کارروائی میں خلل ڈالے جانے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ اس سیشن کے دوران ایوان کام کاج صرف 37 گھنٹوں کیلئے ہوسکا۔

Sound Byte

BIKES:

حیدرآباد میں ٹرافک کے نظم کو مستحکم کرنے کے لئے پولیس کمشنر سی وی آنند نے آج 50 ٹرافک پٹرولنگ بائیکس اور 100 ٹرافک مارشلس کا افتتاح کیا۔اس موقع پر سی وی آنند نے کہا کہ حیدرآباد سٹی سیکوریٹی کونسل نے ٹرافک کے نظم کو مستحکم کرنے کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ان اقدامات کے حصہ کے طور پر 50 نئے ٹرافک پٹرولنگ بائیکس اور 100 ٹرافک مارشلس کا افتتاح عمل میں آیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اِن بائیکس اور مارشلس سے ٹرافک کے بہاؤ میں آسانی ہوگی۔

OO